مغرب سے

مسعود الرحمٰن صاحب جاوید عثمانی

ایک نظم کے چار شعر

تیری نگاہ کامیاب تیری خرد کا ہی فریب ❊ "جلوۂ رہگذر" ہے اور "جلوۂ بام" اور ہے
مذہب فکر میں ترے موت حریفِ زندگی ❊ میری حدیثِ شوق میں موت کا نام اور ہے
"شکر حیات" سے بری میں بھی نہیں یہ سچ، مگر ❊ لغزش ہوش کے اسیر "لغزش گام" اور ہے
تیری ضیا میں ظلمتیں میری سیاہیاں بھی نور ❊ صبح کی طلعتوں سے پوچھ "سرخ شام" اور ہے

کلام عربی

مولفہ قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی فاضل دیوبند

کم فرصت شائقین عربی کے لیے یہ ایک بینظیر کتاب ہے جو جدید ترین تعلیمی تجربوں کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔ اس میں صرف ونحو کے ضروری ضروری ومنتخب مسائل، روزانہ ضروریات زندگی سے متعلق جملے اور مکالمے، قرآن کریم اور حدیث شریف کے اقتباسات، کثیر الاستعمال امثال واقوال، مفید ودلچسپ لطائف وحکایات، جدید طرز کے خطوط ورقعات اور ۱۹۳۸ء کے عربی اخبارات ورسائل کے انتخابات اسباق کی صورت میں بہترین ترتیب کے ساتھ جمع کر دیے گئے ہیں۔ ہر سبق میں عربی عبارت کے ساتھ اس کا ترجمہ اور کتاب کے دونوں حصوں کے آخر میں ڈیڑھ ہزار ضروری الفاظ کی ایک اردو۔عربی ڈکشنری اور دوسری ۱۳۵۰ جدید عربی الفاظ کی عربی۔اردو ڈکشنری بھی شامل ہے۔

بلا مبالغہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ معمولی اردوخواں اصحاب اس کتاب کے مطالعہ سے بغیر رٹے، بغیر استاد کی مدد کے ایک گھنٹہ روزانہ صرف کر کے صرف چند ماہ میں قرآن وحدیث کو سمجھنے کے علاوہ عربی اخبارات ورسائل پڑھنے اور عربی تحریر وتقریر کے ذریعہ اپنی ضروریات پورا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ کتابت طباعت اور کاغذ عمدہ حصہ اول ۱۲۸ قیمت ۱۰/ حصہ دوم صہ ۱۱۲ قیمت ۱۰/ ملنے کا پتہ:- منیجر مکتبۂ برہان قرول باغ نئی دہلی